# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**محکمہ زراعت پنجاب نے ملی بگ کے تدارک کیلئے ایڈوائزری جاری کردی**

لاہور: 29 جولائی 2026: ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ کاشتکار ملی بگ کے تدارک کیلئے متاثرہ پودوں کی نشاندہی کرلیں۔ اگر ملی بگ کا ابتدائی حملہ ٹکڑیوں کی صورت میں ہو تو متاثرہ پودوں کو اکھاڑ کر زمین میں دبا دیں۔ متاثرہ پودوں پر زیادہ حملہ کی صورت میں محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔ ملی بگ کے حملہ کی صورت میں صرف متاثرہ فصل پر سپرے کریں۔ کاشتکار سپرے کیلئے ہالوکون نوزل اور بڑی فصل پر سپرے کیلئے بوم سپریئر کا استعمال کریں۔ ملی بگ افراد کے جسم یا سپرے مشینری سے چپک کر صحتمند پودوں کو نقصان پہنچا سکتی ہے لہذا کاشتکار سپرے کے فوراً بعد مشینری اور حفاظتی لباس کو اچھی طرح دھولیں ۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆☆